رہنما بن راہ کوئی کیونکر چلے

[illegible]

ولہ

[illegible]

بڑھاپا آچکا تس پر نہیں بیدار ہوتا ہے | مسافر اوٹھ شتابی کر نہیں اب رات باقی ہے
جوانی میں بھی اوسکی خو نہ بدلی ائی عاشق ہے | وہی غمزہ وہی عشوہ وہی حرکات باقی ہے
گھٹا دل عشق بازی میں اگر جیتا رہا تو کیا | ہوئی ہیں اوسکے دیں فقط اک بات باقی ہے
وہ میری چشم تر کو دیکھ چلتے وقت کہہ بیٹھا | ہوا میں تر نہیں بادل ابھی برسات باقی ہے
مرا اعمال نامہ لکھ کر آیا کاتبیں بولا | جو پیسا تھا ہوں تھوڑی تو یہ حسنات باقی ہے

شراب آگے پیچھے لیوے اسکا سچ وعدہ
ادہی کو دربدر پھری کہی اب گھات باقی ہے
١٨٢

بھلا ہم نا نصیبوں کے تا آنکھوں آیا ساقی ہے | ہمیں اب پی کی کیا کمی ہمارا یار ساقی ہے
یہ ہم کو جام بھر بھر دیتا ہے اور ونکو تنک ہے | ہماری جی چھپا نیکو بہت ہشیار ساقی ہے
خبردار ہی ہے ہشیاری سے آیا محتسب ادہر | تمہارے ہوش لینے کو یہ بیتا [illegible] ساقی ہے
تماشا دوسری دیکھو یہ بدمستانہ کی مجلس کا | صراحی مست پیالہ ہے مست خود سرشار ساقی ہے
شراب عشق ملتی ہے جو ہر صورت ہر سبو سے | ادہر تو پیالہ ہے سب در و دیوار ساقی ہے
رگ و ریشہ میں میری بیخودی کا لشکر چھایا | ہوا جام مئی گلگون نہیں درکار ساقی ہے

شراب البتہ مجھکو وان بہشت کے جام کوثر سے
کہ تیرا ابتدا علی حیدر کرار ساقی ہے
١٨٣

نگاہ ون مری دلکو کیا ہو گیا ہے | تجھے دیکھ سب سے برا ہو گیا ہے
ہوئی ترک سب سے مری آشنائی | تو جب سے مرا آشنا ہو گیا ہے
جو گرد اپنے پانو سے تو نے اوڑائی | مری چشم کا توتیا ہو گیا ہے

ولہ

[illegible]

ردیف یای تحتانیہ

[illegible]

ولہ

[illegible]

[illegible]

تمہر جاہی کھل جاہی جاہی چھپے	تری روشنی جگ مین پھیلی رہے
تعجب ہے گر دل مین ہو اوسکی سیل	قبا جسکی نت صاف داد جلی رہے

۱۸۸ تراب اسطرح در پہ پیرون سے رہ
مساجد مین جیسے مصلی رہے

میری طرف سی اور کوئی اوسکو کیا کہی	یا اشتیاق وصل کہی یا دعا کہے
عاشق امید وصل مین گریون چھپا تو کیا	ہجرت مین جان بلب ہے کوئی اوس سے جا کہے
قاصد مرا تو دیکھتے ہی اوسکو غش ہوا	فرصت نہ پائی اتنی کہ کچھ مدعا کہے
کوئی اوس سے کیا کہی جو سنتا ہے سب یہ	پیغام دور والون کو میری بلا کہے
کھل جاہی دل نسیم سحر سی کلی کی طرح	جب آشنا سی کوئی سخن آشنا کہے
عاشق کی ساتھ جسنے کبھی کی ہو وفا	اوس آشنا کو کیون نہ کوئی بیوفا کہے

۱۸۹ اب تو خراب عشق مین اوسکی ہوا تراب
چاہے کوئی برا کہی چاہے بھلا کہے

عشق مین اب مجھسی کچھ بنتی نہین تدبیر	جو مقدر سی ہو سو ہو گا مین ان لقدیر
ہای وہ دل سی کہ بیدل کی یہ تقدیر ہے	جو کسیکی پیر کھوتا اوسکو کہیں پیر ہے
قصہ فرہاد و مجنون لکھ گئی ہین لوگ خوب	یار و میری بھی کہانی لائق تحریر ہے
مجھکو کوئی صورت نظر پڑتی نہین اوسکی	بس گئی جب سی میری دلمین تصویر ہے
کیون نہو عاشق کو زلف یار سی وابستگی	دار و دیوانہ آخر حلقہ زنجیر ہے
قتل پر عاشق کی ابرو کا اشارہ ہے بہت	ہاتھ مین تیرے یہ کیون بیکم شمشیر ہے

۱۹۰ ولہ [illegible]

۱۹۱ ولہ [illegible]

[illegible]

کب عشق کی بات مختصر ہو — قصہ یہ دراز ہو گیا ہے
گھلتا ہے وہ آپ آپ جیون برف — دل جسکا گداز ہو گیا ہے
الفت میں تری یہ حال بندہ — ای بندہ نواز ہو گیا ہے (ق)
جس سے میں کبھی نہ بولتا تھا — وہ محرم راز ہو گیا ہے
کیا کہیے تراب کی حقیقت — پھر عشق مجاز ہو گیا ہے (ق)

پر شکر کہ ناخدا کے باعث
۱۹۲ یار اوسکا جہاز ہو گیا ہے

چاہے کوئی دیوانہ و زنجیر کو دیکھے — دل کو مرے اور زلف گرہ گیر کو دیکھے
پتھر کو کیا پانی اور لوہے کو کیا نرم — واللہ کوئی عشق کی تاثیر کو دیکھے
کیا شکل ہے کیا حسن ہے کیا رنگ ہے کیا روپ — کوئی خوب ہے یار کی تصویر کو دیکھے
دان صید کو پھر لا کے بناتے ہیں نشانہ — نہ زخم کو کوئی دیکھے نہ کوئی تیر کو دیکھے
آواز یہ مارے ہے خدا کام نہ ڈالے — وہ ترک اگر آنکھ سے نخچیر کو دیکھے
گھائل کو دم نزع نہ کھلا خم ابرو — قاتل وہ تجھے دیکھے کہ شمشیر کو دیکھے

کسطرح نہ دل دے وہ کرے کیونکہ دلاسا
۱۹۳ بیدل جو تراب اوس بت دلگیر کو دیکھے

غیر کو کیا کیا نہ ہمسے بد گمانی ہو گئی — یار کی اکدن جو ہمپر مہربانی ہو گئی
اوسنے میرے گھر میں کل تشریف ارزانی جو کی — دل میں دشمن کے یہ پہونچا کیا گرانی ہو گئی
ناامیدی میں جو مشتاق پیغام وصل — جان بلب تھا از سر نو زندگانی ہو گئی

[illegible]

ردیف یای تحتانیہ

پیارے مری انکھونکو دیا چاہیے بوسہ
کچھ عمر عزیز اپنی کی ہم قدر نجانی

دن رات تری غم میں بھلا جیا گرا ور رونی
افسوس صد افسوس کہ غفلت سے ہیں کھوئی

کہنا تھا سی اللہ شراب اور نشہ کچھ کہہ
جز نام خدا اور سے سب بیہدہ گوئی

۱۹۷

بلبل نے باغباں سے کہا گل لیا رکے
مرجھا گئے ہیں غنچہ اور کمھلا گئے ہیں گل
اب سیر باغ دیکھنے آتا نہیں کوئی
صورت ہی حسن تمہاری معشوق کی
جیسا وہ چھوڑ چلا آیا ادھر ہی بسا
محبوب سبھی ملاحت وخوبی و سادگی
وا حسن جا رہی تھا سیاں معشوق عاشقی
جنسے یہ سب بنایا رہیگا وہی بسا

آئی خزاں چمن میں گئے دن بہار کے
نرگس بے دیکھ رہ گئی انکھیں بسار کے
چمنوں میں ڈھیر لگ گئے خاشاک خار کے
کوئی نہیں جہاں میں قابل بہار کے
تب نا لیست ہوئی لگا دوستدار کے
جاتا ہی اب کوئی نہیں کچھ بہار کے
باہم تھی وہ رسی کہ سبب اعتبار کے
قربان جائیے غرض اوس کردگار کے

ایسی ہوئی او کھا و خدا کو لیے شراب
دل کو اور عمر غرض فنا ہار کے

۱۹۸

کٹی کیا سبھی کی... کوئی آگ
لیا دل صفت کہی سے جدا
وہ صلوائی بچہ کو ورا آگر اچھی بنا تا
بتا اسی ہمہن والی تجھے کیا او سے شتدی

اگر سوئی تو کیا سوئی اگر جاگو تو کیا جاگو
مجھے بیدل دوانہ جان کر دیتی ہو وہ جاگو
کہو عاشق سے لیکر قاش دل کی ہوئی اور کیا گو
پڑی ہیں جنگ تمہیں تیری زنار کو وہ جاگو

زبان پہ مری گفتگو ہر کسو کی — مری شکل تو ہو بہو ہر کسو کی
غرض اب تجھے کیون نہ پوچھنا کہو تو — تری پیرہن مین تو بو ہی کسو کی
تو مشتاق دیدار ہو اپنی مت کہہ — بھلا ہے بھی کچھ آرزو ہی کسو کی
رقیبا دو سکے کوچے مین بیٹھنے پر — شکایت ہی کو بکھو ہی کسو کی
تجھے آئینہ سادہ کیا منہ دکھاوے — بھلا آکے تیرے روبرو ہی کسو کی
رخ دوست او سمین بھی باہم دیکھتی ہین — جہان مین جھم شکل عدو ہی کسو کی

تراب آنکھ ہو میری لو ہی او سکو دیکھے
تجلی عجیب چار سو ہے کسو کی

ابیات ۲

ردیف یای تحتانیه

وہ ملنے کو کہو اور یون مکر جاے — تڑپ کر ہی عاشق کیون نہ مر جاے
عیادت کو جو آیا وہ دم نزع — غنیمت ہی اگر اکدم ٹھہر جاے
نہین چھپنے لگا مجھ سے کو چھپ تو — کہو واعظ سے یار اپنی گھر جاے
بھلا کیونکر او دامن مین چھپے نہ لکھو نا — لگی ہے یار پر میری نظر جاے
تو اپنے ہاتھ سے ہرگز نہ کر قتل — لہو سے آستین تیری نہ بھر جاے
ہمیں دریا دہان طوفان آوے — ترا عاشق جہان با چشم تر جاے
مبارک ہو وہی دم زندگی مین — خدا کی یاد مین جو دم گذر جاے
کرو صرف اے عزیز بے تامل — طلب مین یار کی جی تک اگر جاے

جدھر جاوین تراب اودھر وہی ہے
کوئی اس سے کہان بھاگ کدھر جاے

مقابل ہووے اوسکی کون پا جیا ن کی ہے | بلا ہے قہر ہے فتنہ ہے آفت ہے قیامت ہے
اگر اسوقت یاں آؤ تو کچھ ایسی ہی تماشا ہے | لب دریا ہے گل ہے جام ہے ساقی ہے بزم عشرت ہے
وہ اپنی مہربانی سے جو آوے گھر میں عاشق کے | کرم ہے لطف ہے اخلاق ہے اوسکی عنایت ہے
کہو کیا عاشق شیدا کو حاصل عشق کا ہے کیا | قلق ہے درد ہے غم ہے فضیحت ہے ملامت ہے

تراب اسکا ہے کیا سودا کوئی پوچھے تو کہہ دیجو
صنم سے مجھکو الفت ہے تعلق ہے محبت ہے

۲۰۵

دل اوس پر زہر کھاتا ہے بھلا کہئے تو کیا کیجے | سخن میں کچھ اور کہتا ہے بھلا کہئے تو کیا کیجے
جو میں آئینہ میں چاہوں تماشا اوسکو دکھلانا | وہ دیکھ کے منھ چھپاتا ہے بھلا کہئے تو کیا کیجے
ستاتا ہے مرے گھر میں [illegible] | یہی جی تلملاتا ہے بھلا کہئے تو کیا کیجے
لکھوں گر اوس سے کچھ حال ستم اوسکا [illegible] | وہ ناحق جی کڑھاتا ہے بھلا کہئے تو کیا کیجے
جو اوس سے دل لگاتا ہے تو شوخی اوسکو رلاتا ہے | پتنگا سا جلاتا ہے بھلا کہئے تو کیا کیجے
ادا و عشوہ و غمزہ حیا و شوخی و جلوہ | وہ ہر صورت لبھاتا ہے بھلا کہئے تو کیا کیجے

تراب اوس سے جدا ہوکر اوسکا پڑا ہے در
نہ کوئی آتا نہ جاتا ہے بھلا کہئے تو کیا کیجے

۲۰۶

نگاہ شوخ بتوں کی بلا ہے جس پہ پڑے | نہ اوس سے آنکھ ملاوے کوئی خدا سے ڈرے
چمن میں لالہ و گل سب نثار ہوتے ہیں | مثال [illegible] ہو وہی پھول جو [illegible]
چبھی ہے دل میں مرے یوں نوک مژگاں کی | کسیکے پانوں میں جس طرح سخت خار گڑے
میں درد دل سے جو روؤں [illegible] | جو یار سنگدلی سے [illegible] پھول جھڑے

دیوان [illegible] ردیف یائے تحتانی

ولہ

روتا ہوں میں اوسی کی تمنای وصل میں
حالت یہ میری دیکھہ اداسی جو بس گئی
مارا پڑا جو عشق میں طال اللسان ہوا
بلبل جو چپ رہی تو بلا ہی قفس گئی
کہتا تھا اک غریب جدا قافلے سی ہو
کیا جانیے کہان وہ صداے جرس گئی
کب تک تراب یار سے غافل رہیگا تو
غفلت میں عمر تیری تو باون برس گئی

۲۰۹

نامور عشق میں ہو خلق میں بدنام ہوے
درد سی کام پڑا عیش سی ناکام ہوے
یار وہ تم جنکی زبان سی تھی دعا کی خواہان
لب خوبون سی وہی طالب دشنام ہوے
مرغ دل اوڑکی کہان جا تری گیسو
خال جون دانہ ہی ہوے بستہ دام ہوے
رام رام اونکو کیا ہو کر داونکو سلام
وہ بت شوخ کسی طرح نہ کبھی رام ہوے
عید کے چاند کا دھوکا رمضان میں پڑا
جلوہ گر وہی جو سر شام لب بام ہوے
ہم ترسے لگتا ہی وہوان جلتی وقت
آہ کرتی ہین وہی عشق مین جو خام ہوے
شام سی صبح ہوئی یار نہ آیا اب تک
یون کہتا تھا تراب آویگا یان شام ہوے

۲۱۰

کیون نہ اب مست ہو غنچہ دل بیمار چلے
ہم جان چھوڑ اوسی یار دل آزار چلے
یون کبھی آتا ہے عیادت کو مسیحا کوئی
نہ دعا کی نہ دوا اور ادہر سی یار چلے
عشق کو غم میں سہنا تھا جو بہت روز و
غم ہجران میں اوسی کے گرفتار چلے
غلبہ عشق دو جانب ہو تو جینا ہے کٹھن
موت دونون کی ہے اس میں جو
کبھی ادہر سی نگہ لڑتی ہوا ادہر سی کبھی
کیا عجب عاشق و معشوق سی تلوار چلے

ردیف یای تحتانیہ

کیا ذوق آشنائی کا مزہ پایا جدائی کا
ہوا شوق ایسا بالی کا گرفتار ایسی بازآ گئے

تیرا اب اوسکا تپاک ویسا رہی سب باعث آزار
ہم اوسکی لطف سی شفقت سی غمخواری سی بازآ گئے

۲۱۳

جی خدا پر وہی لگا بیٹھے
پھر نہ دیکھا کسیکا دروازہ
ہم دعا کر تجھے یار جنکے سدا
کون ہے اوس جا سے کہہ آ کے اوٹھا
انتظاری مین تیری بر سر راہ
خلق سے جو نہین کنارہ کش
نر ہے جو سکی کام کے مرکے کچھ
دیکھیے پڑتا ہی کچھ تو اونکو حق

ق

جو دو عالم سے دل اوٹھا بیٹھے
یار کے در پہ جب سی جا بیٹھے
گالی ہم کو وہی سنا بیٹھے
خوب ہم گشتے منہ چھپا بیٹھے
کب تلک رہی ہم بھلا بیٹھے
شہر سے وی کنارہ کیا بیٹھے
شکل درویش وی بنا بیٹھے
دھیان جو اوس طرف لگا بیٹھے

دل ہی جب سے اوٹھ گئی ہین قرار
تب سی ہم پاس تیرے آ بیٹھے

۲۱۴

ہر گھڑی بات جدائی کی سناؤ نہ مجھے
وصل مین آج ذرا چین ملا نیند آ گئی
تشنہ بسمل کے بہت سیج اوٹھائی الفت
جا یہ خط لکھو کہ پیغام زبانی بھیجو
اب ادھر اودھر نہ جھکاؤ نہ بہت بہکاؤ

جی جلاؤ نہ مرا ہاے رلاؤ نہ مجھے
اتو جی سیج پہ مین سوتا ہون جگاؤ نہ مجھے
انتظار اب نکرو مجھسی ستاؤ نہ مجھے
دور سے جھڑک کر دو یا پاس بلاؤ نہ مجھے
چاہ مین اپنی کنوی اور جھنکاؤ نہ مجھے

۲۱۵

ردیف یای تحتانیہ

[illegible]

ہم اوسکی تصدق ہین جو ہو مرشد کامل ‏ / ‏ بندہ ہین اوسی کا ہون جو ہوے اسے ملادے

کیونکر نہ تراب اوسکو کہے ہادی برحق
جو اندہی کو دکھلادے اور بہولے کو جتادے ٢١٧

ہمکو نہ ید سنائیے خبر و نہ وصال کے ‏ / ‏ یاروں کی بات کہیے زبان گستاخ حال کے
معشوق اگلے خوب تھے اوسی طرح کے گئے ‏ / ‏ ہین ہر طرح یہ شوخ طرحدار حال کے
کیا کام اونکو دلکے بناؤ بگاڑ سے ‏ / ‏ جو غرق ہون بناؤ مین لفون کے بال کے
ممکن نہین کہ پھر وہ کسیکے اسیر ہون ‏ / ‏ جو ہنسے اوڑ گئے ہین تلنسیرے خیال کے
عاشق بچارے کیون نہ ہین سرد ناکہان ‏ / ‏ دیدار کے ہین بہوکے پیاسے وصال کے
ست گرم ہمیشہ غصے سے ہو مثل آفتاب ‏ / ‏ قربان ہین ہم تمہارے جلال و جمال کے

سمجھے عبث تراب گدا کو کوئی حقیر
شاہوں کے چیلے ہین یہ فقیروں کے بالکے ٢١٨

کہو جو چاہو یہی وقت لن ترانی ہے ‏ / ‏ نیا شباب ہے پیاری نئی جوانی ہے
کبھی نہ تمکو رقیبون سے بدگمان پایا ‏ / ‏ ہمیشہ آپ کو ہم ہی سے بدگمانی ہے
کسیطرح سے نہین ظلم سے تم آوگے باز ‏ / ‏ وہی کروگے جو کچھ اپنے جی مین ٹھانی ہے
مرا اور اوسکا عجب قصہ محبت ہے ‏ / ‏ عجب طرح سے ہم الفت نہانی ہے
سنا ہے قصہ شیرین و لیلی و مجنون ‏ / ‏ کوئی لکھے تو ہماری عجب کہانی ہے
نہ تو چھپو ہمسے حقیقت او معرفت کی بات ‏ / ‏ کسے کیا کہون یارو جو مین نے جانی ہے
تراب کیا کہے معشوق بے نشان کا نشان ‏ / ‏ کہ بے نشان کا نشان محض بے نشانی ہے

ولہ

[illegible]

ولہ ٢٢١

[illegible]

کب ایسے شوخ چشم سے کوئی انکھین لڑا سکتا
بھلا فرہاد بچپا تلخی جان کندنی سے کب

کہ گھونگٹ کھا گیا عاشق جو غمزہ کی کٹارائی
عیادت کو کبھی اوسکے نہ شیرین یکبار آئی

تراب اپنا گریبان چیر ڈالی کیون نہ اسکندر
جو نوشابہ کی دامن سی لگی سنجاف دارائی

٢٢٢

خلق مین شور قیامت قامت بالا سے ہے
اندرون پرداغ و بیرون زخم غم سے خونفشان

جو بلا آئی جہان مین عالم بالا سے ہے
کیفیت دل کی زیادہ لالۂ حمرا سے ہے

چاہو شر پیدا کہو اور چاہو ہنتو الا کہو
اوسکو ہم چشمی چمن مین نرگس شہلا سے ہے

ہے کف رنگین کے قبضہ مین ترا اعجاز حسن
جسطرح اعجاز موسیٰ کو ید بیضا سے ہے

قُم باذنی تو کہو اور قُم باذن اللہ وہ
جان تیرے لب کو کیا نسبت لب عیسیٰ سے ہے

زلف مشکین دیکھتے ہی ہوگیا کچھ اور رنگ
دل کی وحشت اسقدر تو غلبۂ سودا سے ہے

گو تراب اوسنے بہت لین مجھسے بےپروائیان
پر مجھے پروا ہنوز اوس شوخ بےپروا سے ہے

٢٢٣

ہے وہ تردامن جسے آلودگی دنیا سے ہے
بندگی مخلوق کی تو فی الحقیقت شرک ہے

مرد زاہد اہل دنیا طالب عقبیٰ سے ہے
بندۂ مومن وہی ہے جسکو کہ مولیٰ سے ہے

خود وجود بحر ہے خود موج ہے خود ہے حباب
یہ وہی جانے جسے کچھ معرفت دریا سے ہے

دیکھ پڑتا ہے جسے عالم مین ظاہر اک وجود
جسطرح ادنیٰ سے ہے وہ اوسطرح اعلیٰ سے ہے

ذوق ہے جسکو کسی کی حضوری سے تراب
شوق اوسکو کچھ نہین پھر دعوت اسما سے ہے

ولہ

نرگس کی آنکھیں کھل گئیں دیکھ اوسکی خوبی نین کے
مجنوں ہے مشتاق لقا دنیا و دین اوسکو کیا
عاشق کو جی میں آرزو ہرگز نہو اکسیر کی
پروانہ جلتا تھا اودھر اور شمع روتی تھی ایدھر

ہے چشم کوئی اوسکی نہیں یارو قسم حسنین کی
لیلی سے دل ایسا لگا پروا نہیں کونین کی
ہاتھ آوے خاک اوسکو اگر معشوق کی نعلین کی
سوز و گداز میں کٹی شب یا سحر فریقین کی

دن بیقراری میں گیا رات انتظاری میں کٹی
اکدم تراب آرام سے گذری نہ مجھہ بیچین کی

۲۲۸

بار سے سیتی سیر کیا فرہاد کو تیشے میں ہے
عاشقی پیشہ نکا کوئی گر پیر ہم دیکھا نہیں
ہم فقرا میں تھا ہی منکر روبہ صفت
بس گیا جی میں میرا اوس حور طلعت کا خیال

عشق شیرین سے گیا اوسکو گرو تیشے میں ہے
اک نہ اک استاد شاگرد و لگا ہر پیشے میں ہے
یاں سمجھکے پاؤں دھرنا شیر اس بیشے میں ہے
دل میں اپنے کیا سمایا وہ پری شیشے میں ہے

میں اوسی پر محو ہوں کہتا ہی جو مجھسے تراب
وصیان ہے اسکا کدھر یہ کسکے اندیشے میں ہے

۲۲۹

آنکھوں سے مری یار نہو دور الٰہی
کیوں ترچھی نظر سے وہ لگا دیکھنے پھر آج
اکدن بھی عیادت کو نہ آیا وہ دل آزار
ہوتا ہی نہیں خشک مرا دیدۂ خونبار
ہرگز نہ کبھی یار کو دے غیر سے ملنے
زاہد تو سمجھتا ہی نہیں عشق کی بات

ملتا رہے وہ مجھسے بدستور الٰہی
گر چشم نمائی نہیں منظور الٰہی
مایوس نہو کیوں دل رنجور الٰہی
چنگا ہو کسیطرح یہ ناسور الٰہی
عاشق کا اگر کچھہ بھی ہو مقدور الٰہی
ہووے نہ کوئی عقل سے معذور الٰہی

ولہ

ردیف یائے تحتانیہ

ولہ

جسے کہتے ہین علما ذات بیچون	وہی بیچون یہ سب چون وچرا ہے
وہی گویا وہی ہے آپ شنوا	وہی نے ہے وہی نغمہ سرا ہے
وہی صورت وہی ہے خود حقیقت	وہی سب سے اوسب سے ماورا ہے
وہی موسی وہی فرعون مین تھا	یہ وحدت کا عجائب ماجرا ہے

تراب اس بات کو سمجھے وہی خوب
حقیقت سے خبر جسکو ذرا ہے
٢٣٣

مجھے خاک اوسکی پاؤنکی بتدبیر ہاتھ آئی		رقیبون نے کیا بلوا تجھے اکسیر ہاتھ آئی
کہا عاشق سے کل اوسنے مری در پر تو جا فرہ	ق	بڑی دولت ملی اوسکو عجب جاگیر ہاتھ آئی
مصاحب ہو کے جا جب ہر طرح سے مدعا حاصل		حضور والی اتنی تو بہر تقدیر ہاتھ آئی
مجھے کا تھا دل نخداہیر کہ زلفون نے لیا جھٹ		گرا تھا چاہ مین لیکن بجا زنجیر ہاتھ آئی
غضب ہے یار و یار اوسکی چھری ہے ہم تری		بھوون سے ترک چشمون کو عجب شمشیر ہاتھ آئی
مرا خط پڑھکے کل اوسنے کہا کیا خوب لکھا ہے		یہی انعام پایا مین یہی تحریر ہاتھ آئی

دکھاؤنگا مین سب سے خوب اپنا نامہ اعمال
تراب اوس شوخ کی مجھکو اگر تصویر ہاتھ آئی
٢٣٤

سبھکو کچھ دولت نہ کچھ اسباب شاہی چاہئے	خاتمہ بالخیر ہو فضل الہی چاہئے
گاؤ خر ہر وہ نہین جسکو حقیقت سے خبر	آدمی کو معرفت الہی کما ہی چاہئے
کیون ہے جور و جفا ناز و ادا کوتاہی یار	عاشقون کے قتل پر اک کم نگاہی چاہئے
لاش پر عاشق کے کرے ایک خنجر سے نشان	کچھ تو محضر پر شہادت کی گواہی چاہئے

ولہ

ردیف یای تحتانی

ولہ

منہ سے تو نہ کہہ اپنے کہ مر جاؤں تو دیکھوں | مرجائے نہ عاشق ترے دیدار کے پیچھے
کرتا تھا رقیبوں سے وہ اک دن مری غیبت | سنتا تھا کھڑا میں کہیں دیوار کے پیچھے
جھٹ دیکھ مجھے کہنے لگا بات بنا کر | لگ چلنا بہت ہے برے ستمگار کے پیچھے
وان آویگا آگے جو کیا ہے عمل بد | دوزخ ہی لگی ہے گنہگار کے پیچھے

ایمان شراب اپنا سلامت رہے کیا ڈر
جا پہنچیں گے نبی احمد مختار کے پیچھے
صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲

وہ گھر سے کے آوے ہنسا دے مجھے | جو گھر اپنے جاوے رولا دے مجھے
یہی ہے مری اب خدا سے دعا | الٰہی پھر اوس سے ملا دے مجھے
میں اپنی ہی بس میں اوسے کر رکھوں | عمل کوئی ایسا سکھا دے مجھے
نہیں اوٹھتی ہے دل سے یہ آرزو | کوئی بر میں اوسکے بٹھا دے مجھے
شرار و حبیب جاؤں اے سیل اشک | کہ اک پل میں اودھر بہا دے مجھے
نہ خط لکھ سکے جو نہ کچھ کہہ سکے | وہ تصویر اپنی کھچا دے مجھے
مری یاد قاصد دلانا اوسے | مبادا وہ غافل بھلا دے مجھے
اوٹھا منہ سے برقع ذرا ہنسکے بول | تنک اپنا جلوہ دکھا دے مجھے
مرے دلکو ناحق کیا تو نے قتل | خدا کے لیے خوں بہا دے مجھے
تجھے کب کہوں گا مسیحا النفس | کہ جی مار کے پھر جلا دے مجھے
کل اک درد مارے نے مجھسے کہا | وہ بیدرد ہے جو دوا دے مجھے
رہے دل میں سے یہی درد شراب | تو اے پیر ایسی دعا دے مجھے

ولہ

ولہ

[illegible] ۲۴۳ [illegible]

[illegible] ۲۴۴ [illegible]

غنچہ و گل نے کہا بلبل سے گلشن بیچ ستم
جھل سے تہمت لگا کر دست قتل کی
چھپکے گئی دل بیچ مرگ بین ہے اوسکی خلش
یار چوٹی کھولکے عاشق کا دل کرتا ہے صید
شاہ صاحب عزم کرتے ہیں ہزار دن قلعہ فتح

اوسطرف ہنسنا و کھلنا اسطرف فریاد ہے
شان تمہاری خدا کی صورت جلاد ہے
یار کی مژگان بیچ ہین یہ نشتر فولاد ہے
جال کھلا کر جو پھانسے وہ بڑا صیاد ہے
نفس پر کوئی فتح پاوے تو مبارکباد ہے

جاگتے سوتے شراب اوسکو نہ اکدم بھولنا
اور سب کچھ بھولیو پر اتنی بات رکھنا یاد ہے
۲۴۱

مہینوں بیچ مبارک اسی جہت سے ماہ رمضان ہے
جو کرتا تھا سو اسی میں پہلو تہی یاروں کے ملنے سے
ہر اک معشوق بن ٹھن کے دکھاتا ہے جمال اپنا
کہیں پینا ہے کہیں مطرب کہیں مے ہے کہیں ساقی

کہ روز عید عاشق کو میسر وصل جاناں ہے
بغل گیر اوس سے ہونا عید میں مشکل ہے آسان ہے
سحر سے شام تک ہر بزم جلوہ گاہ خوباں ہے
جدھر دیکھو ادھر عیش و خوشی کا ساز و ساماں ہے

رہی کچھو کا پیاسا جو یہاں سے خدا چاہے
شراب اوسکو وہاں شہد و شراب حور و غلمان ہے
۲۴۲

انکھوں بیچ چھپتے ہین بن چاند ستارے پیارے
سب ہوتے ہین ساتھ میں خوش تن یار کے ساتھ
جھڑ لگی آنسوؤں کی آہ کی بجلی چمکی
کیا ہی رو رو کے ہوئے دیدہ تر سحر روا
ابتدا رعد نہ پڑھنا نہیں بادل گرجا

ہجر کی رات میں بہاتی نہیں تارے پیارے
فقط اک ہم سے ہوئی دور بہار ہے پیارے
کہیو جس روز سے تم یاں سے سدھارے پیارے
ہے عجب سیر یہ دریا کے کنارے پیارے
دل دھڑکتا ہے مرا خوف کے مارے پیارے

[illegible] ۲۴۵ [illegible]

دیکھ لوں میں بھی ٹک ہلال عید
قاصد اوس طرف آج جاتا ہے
طالب وصل ہی ہو سنکر
اوسکو کیسے کھلا نصیب ترا
جام مے سے نہیں غرض کچھ اور
پھر اوسیکا وجود دیکھ پڑے

ذری ابرو کو اپنی خم کر دے
ق خط میں اتنا کوئی رقم کر دے
منہ سے آ کے بلب نعم کر دے
پا سیں سکے او پر کرم کر دے
مجھکو بیخود تو اپنے سم کر دے
اپنی ہستی کو جب عدم کر دے

ایکدم یار کو نہ بھولوں ترا
کچھ دعا ایسی مجیب دم کر دے

۲۴۲

جو ہر اوسکی تیغ ابرو کا سر پر بال ہے
دروکس شبط ہو کیونکر نہ لگی دل ہی آہ
صید لاغر جانکے دلکو کیا چھوڑ نا سکتا
زلف میں جب پھنس گیا دل ہو مہوت کیا کرے
کوئی عبث دشمن کے مرجانے سے خوش ہو وے
دمی وقر دا کچھ کتہ صوفی ابن الحال ہے

اک اشارے میں وہ دو کرتا ہی کیا اقبال
تیر مژگان سی جگر سوراخ جون غربال ہے
پیچھے میں پڑ گیا اوسکی کیسا بال ہے
صید وہ لاچار ہی جسکا بند دیا پر بال ہے
سوت سالی کیطرح کسکی نہیں دنبال ہے
حال کے آگے کہاں ماضی و استقبال ہے

یار وہ اب کیا پوچھتا ہی دفتر میں حال ترا
چین سی کٹتی ہو اوسکی خوش ہی فارغ بال ہے

۲۴۳

مہت کسکی یہی اسباب بنا جمع کرتا ہے
عبث کرتی ہو ای اہل دول طول امل اتنا

خزانہ لیتا قارون کیطرح کیا سر پہ دھرتا ہے
اجل پیچھے پڑی ہر دفعتہ اکدروز مرتا ہے

ردیف یائے تحتانی

[illegible]

آنکھیں ہوئیں رو رو کے تو سوتے — یان نام کوئی نہ خواب کا لے
جس طرف وہ آنکھ بھر کے دیکھے — لبریز ہوں بن شراب پیالے
مکھڑے پہ ہے زلف جھکی اس طرح — ہوں چاند پہ جوں سحاب کالے
کیوں باغ نہ اوجڑے باغبان جب — بلبل کی جگہ غراب پالے
گل پھول کے جھڑ گئے ہزاروں — خشکی سے ہوئی خراب لالے
دل غم سے ترے جلا بھنا ہے — لے ہاتھ میں یہ کباب کھا لے
دل ویسے تجھے مزہ یہ پایا
جی دے کے بھلا تراب کیا لے

٢٥٠

یان تلک دل میں جدائی کی گرانی رکھی — وصل میں چھوٹا نہ داغ اوسکا نشانی رکھی
دور سے وہ مکھڑا دکھا کر لیگیا صبر و قرار — سامنے آوے تو جی دوں جانفشانی رکھی
دوستو کیا کہوں اوسکا ماجرا کچھ اندیون — مہربانی گھٹ گئی نا مہربانی رکھی
خط نکل آیا گئی اوڑ سادہ روئی کی بہار — ہمسے اتنا کہ دل میں اوسکے بدگمانی رکھی
وہ تجلی ہے کہاں مشتاق ہو جسکا کوئی — ناحق اب یاروں سے اوسکو لن ترانی رکھی
مٹ گئی لیلی ہوا مجنوں ہوا قصہ تمام — عاشق و معشوق کی جا میں کہانی رکھی
منتظر ساعت کا رہ غافل نہو تو اے تراب
آگی دن چلنے کے تھوڑی سی زندگانی رکھی

٢٥١

خدا اپنا فقیروں کی کبریائی سے — کہ اونکو ننگ ہے دنیا کی بادشاہی سے
خدا کے لوگوں سے ڈرتی رہو خدا کے لیے — کہ بیخودی میں ہے نسبت اونھیں خدائی سے

٢٥٢

وله

تیری قدم سی حرمت دیر و کنشت ہای
مسجد و دار الامان نو تیرے گلی ہی بہشت ہای
کہی ہیں کچھ و پیلا ہو جو زمین سپہ
ہم آسمان پری بای کہ نور بہشت ہای
زاہد تری جمال سی محروم کیون ہو
اندھا ہی جیسا کہ نصیب کا زشت ہای
سر تا قدم وجود ہی جسکا خمیر عشق

ردیف یای تحتانیہ

[illegible]

ہے جو عاشق کی قدر معشوق کرتا ہی نہیں — نشہ کو آگو کیا حقیقت ہو گدا کی واسطے

واعظا کل دیکھکر جسکو ہوا تو ہے حواس — میں تو رسوا ہوں اوسی کافر ادا کی واسطے

وہ تو ہے دل میں ترے کعبہ چلا ہے جسکے لیے — شیخ جی باہر نجا گھر ہو خدا کی واسطے

۳۵۴ اسطرح دنیا میں گذری جیسے اوسکو تراب — جو یہاں پیدا ہوا رنج و بلا کی واسطے

ہم کوئی فقر اسی ملتا ہے خدا کی واسطے — دفع اعدا کی لیے یا کیمیا کی واسطے

اہل دنیا کی غرض لگتی ہے جب درویش سے — کہتی ہیں اپنی حصول مدعا کی واسطے

ای خدا اولیا ہے تجھسے میری التجا — حل کرو مشکل مری مشکل کشا کی واسطے

مدعا حاصل ہوا تو پھیر کے کہنے لگے — کیوں خوشامد کیجیے انکی دعا کی واسطے

ایسی لوگوں سے کریں درویش ناحق اختلاط — صحبت اونکی زہر ہے اہل صفا کی واسطے

شاہ جی اوسکو نہ کہنا ہے وہ بھیک منگا فقیر — اغنیا سے جو ملی نشو و نما کی واسطے

۳۵۵ سایہ درگاہ کا ظلم ہو کیا ہم سے تراب — کیوں پھریں ہم در بدر ظل ہما کی واسطے

خدا نہیں جو کہوں روز و شب برابر ہے — اگر جلوہ گر رخ و زلف اوسکا اب برابر ہے

خدا رقیب کو مارے عتاب سے تیرے — ترا عتاب و خدا کا غضب برابر ہے

نظیر سرو کی کسطرح کہیں قد کو ترے — وہ تیرے قامت نازک کی کب برابر ہے

گالی میں تیری رقیب و حبیب یکساں ہے — عجب کہ قدر ہوس اور طلب برابر ہے

بھلا کہو او سے جن چاہے برا کہے کوئی — جو تیرے والے ہیں اونکو تو سب برابر ہے

اہل جہان ہین خراب اپنے عمل سے تراب
وضع بد روزگار دیکھیے کب تک رہے
۲۵۸

بلا ہی جان تری زلف نارسا ہے | یہ کافر نے ہزارون کو ڈسا ہے
غضب گوندھی ہے چوٹی تو نے کس کے | مرا دل کیون شکنجے مین کسا ہے
نہ فتنہ بن معطر کر کے چیکن | تو خود گل ہے او پھولون مین بسا ہے
طواف دل ہوا ہے فرض مجھپر | ترا ہی نام خدا جب سے بسا ہے
ہم ایسے ہونگے بہتیرے تمہارے | ہمارے تو نہین کوئی آپ سا ہے
رخ اوسکا صبح ہے اور زلف ہے شام | یہی چرچا میان صبح و مسا ہے
تو اوس سے بدگمان رہتا ہے ناحق | یہ تیرے دل مین کیسا وسوسا ہے

بظاہر رند ہے باطن مین زاہد
تراب ایسا ہی کوئی پارسا ہے
۲۵۹

ہم نہ دیکھا کدھر کہان سے گئے | بھلے تم چھپکے کل یہان سے گئے
کچھ تو صیدون پہ اپنی کھا ترس | گھر سے او جڑے اور آشیان سے گئے
اوٹھ گئے چپکے بزم سے تیری | آج تو کچھ وہ بدگمان سے گئے
ہمین جھڑکا اوسے لگایا منہ | آہ ہم قدر برگ پان سے گئے
باغبان نے چمن ترا چھوڑا | گل سے گذرے او بوستان سے گئے
مر گئے ہم اسی تفکر مین | اسی حیرت مین ہم جہان سے گئے
ق
وای حسرت تراب بار دگر | پھر نہ آئے جو کوئی یہان سے گئے

ردیف یای تحتانیہ

منہ چھپا لیتے ہو ہمکو دیکھتے ہی دور سے
اب بھلا کیا دیکھنے کو آوینگے ہم تیری گلی

کیا کہیں تجھکو کوئی کافر ولیکن یا ہے تراب
خیر ہی کچھ پیطرح سے آج تیری بی کلی ۲۶۳

نشست شمع پہ شعلہ رویوں کی اوسکے نشست ہے
کاکل نہیں یہ کافر آتش پرست ہے
ایدھر سے زلف جھٹکی اودھر سے چوٹی کھلی
کیا خوب ملک ہند کا بندوبست ہے
عہد پائی نہ دلکو ہمارے دلا فریاد
وہ اور ہی خیال میں بست و پست ہے
غنچے سے ستا امید کشایش کوئی رکھے
کیا دیگا وہ کسیکو جو خود تنگدست ہے

اوس چشم شرمگین سے بچاوے خدا تراب
ہتھیار باندھے پیطرح یہ ترک مست ہے ۲۶۴

لاف خوبی کا نہ پھر شمع نشیمن مارے
تو اگر اوسکے ذرا گوشۂ دامن مارے
سیلمون کو تری سب دیکھکے کہتے ہیں یہی
ہین یہ اوس کافر بیرحم کی چتون مارے
ایک بلبل کو کہاں تاب جو دیکھے اوسکو
جسنے اک جلوے میں سو سو گل گلشن مارے
اوسنے بیچوں سے ہو برقع میں جو بکھرا دیکھا
رہگئے عاشق دیدار کھڑے بن مارے
یار وہ قاتل بیدرد بلا ہے کوئی
جسکے ہاتھوں سے گئے شیخ و برہمن مارے
ست اوٹھا ہاتھ رقیبوں پہ نہ مار او بیرو آ
اپنے ہاتھوں سے اونھیں بیان ترا دشمن مارے

ہجر میں وصل سے اوسکے ہوئی آس تراب
جسکے دروازے پہ بیٹھا ہے تو آسن مارے ۲۶۵

نازو ادا سے باندھکے ہتھیار سو گئے
شبخون پہ دل کے آکے ستمگار سو گئے

ردیف یائے تحتانیہ

پیاسا نہیں مرتا ہے کسیطرح کفن میں
دل گر فتار طبیعت کا ہوا ہے
ہر بال میں جس کے وہ سو بار
کرتا ہے وہ آفرین وا بجنان ہے چھپا جی

جیوں مارا ترا عاشق دل کے مرنا چکا جی
کیتے ترا آب ادب پیادی

پیدا کیا خدا نے عبادت کے واسطے	کیوں پیٹ بھر کے کھائیو دن رات سوئیے
اعمال اچھے ہیں تو اسے بہشت ہے	پھل پائیے وہاں جو یہاں تخم بوئیے

جیتے مرے جو یاد نہیں اوسکی جی تراب
جیکو نہ ہار دے اونہ غفلت میں کھوئیے ٢٦٨

خواجگی پر اپنی ماری لات کوئی تب جانئے	جان کو بیچ ہمارے ہات کوئی تب جانئے
اپنی ہستی سے الگ ہو نیستی کی راہ لے	مر رہے جیتے ہمارے ساتھ کوئی تب جانئے
جسطرح کہتے ہیں سب پیر حق ہو قرآن و حدیث	کلمۃ الحق جانے سب بات کوئی تب جانئے
یوں فقیری کا مزہ پانا بہت دشوار ہے	چھوڑ کر دنیا کی سب لذات کوئی تب جانئے
عقل والے جانتے ہیں خوب تدبیر جہان	جی سے بلبلوں کی بتا دے گا بات کوئی تب جانئے
نرد بازی میں جتا وے اور کو خود ہار جائے	شرط بد کر آپ ہو جئے مات کوئی تب جانئے
اول و آخر وہی ہے ظاہر و باطن وہی	غیر حق کو دیکھے ہیں اثبات کوئی تب جانئے
باوجود کار و بار غفلت اس عالم کے بیچ	یاد حق کرتا رہے دن رات کوئی تب جانئے

کیا عبادت خالصاً للہ مشکل ہے تراب
بے صفت ہو آشنائے ذات کوئی تب جانئے ٢٦٩

ق

یار و دیکھوں کہیں وہ رشک قمر آتا ہے	کہ اندھیری میں مجھے چاند نظر آتا ہے
چاہوں ہر روز وہاں جاؤں نہیں مجھ سے سکتا	پر مرے دل میں یہی وسواس و خطر آتا ہے
ہے وہ لڑکا کہیں شرما کے نہ کہہ بیٹھے	کیا ترا کام ہے یاں کیوں تو ادھر آتا ہے
نیند اوڑ جاتی ہے آنکھوں سے شب وصل میں یار	جس گھڑی دل کو مرے خوف سحر آتا ہے

ردیف یائے تحتانیہ

[illegible]

دلکی انکھو نسی نہین ہوا اک نکلا پیدا — اسطویا تلو کچھ ہنین ہی کام مجھے
سُنہ لگی نہین اور لگتی ہو آرو ہین — خو شہر نہین آتا ہی یہ پوستہ پیغام مجھے
خطا کا آغاز یہ آخر کو گنوا دیگا جمال — خیر اسکو نظر آتا ہی نہین انجام مجھے

۲۷۳ گل ہو پھولی سی تیرا سینہ اوسنو نام لیا
نیکنامون مین کیا عشق کی بدنام مجھے

کیون دیکھکر ہمین لگی ہو کمان چلے — آتی ہوئی بلکو یہ تم ہم یہان چلے
ما ہی خوشی کی پھول ہر اک غنچہ پہ کلی — گر سوی باغ وہ گل غنچہ دہان چلے
عزم سفر ہی مجھکو نکر ہوا اسقدر جدا — ہم بی وہین سے ساتھ سی تو جہان چلے
خبر ہیلی ہین نکلا تم سی اور تیچ — دل اپنی نذر کر کے ہم اسو دلستان چلے
تلوار لیکو آج چلا ہی کہ ہین وہ شوخ — کسکی اجل ہو دیکھی کس پر کمان چلے
بلبل کی نبض سست ہو کیون نکرے بیکسی — گر تیز و تند باغ مین باد خزان چلے

۲۷۴ ہرگز نہ کیجیے سخن شعر مین ۔۔۔
کہی تیرا سا اس مین جہانتک زبان چلے

کر لیے رنجو ہی ہاہی اودھر یار گیے — پھر عیادت کو لیے آ کی بھی بار گیے
بیکلی تب سی ہی یہ ہم نہین گل تری ہے — مجھسی تم کہہ کے جو کل وعدہ دیدار گیے
کوئی صیاد سی پوچھی یہ نیا ظلم ہی کیا — دام مین چھوڑ کے کیون مرغ گرفتار گیے
ہاہی سہار دو ن ہوا ینہ کوئی ایک رہا — کس سی غم کہیے کہ سب مونس و غمخوار گیے
یار دیکیا پھی ہمسی نہ ملا وہ بجوشی — جسکو دربار مین ہم شوق سی سو بار گیے

[illegible]

ولہ

[illegible]

کہو سیکے صنم کے در پہ جائے	جسے بیت الحرم کی آرزو ہے
عدم اوسکی کمر کو جیب سے جانا	ہمین تب سے عدم کی آرزو ہے

شراب اوسکی گلی مین بیٹھ رہ جائے
اگر باغ ارم کی آرزو ہے

کیا کام ہمکو یار جو آتی ہے چاندنی	بے بزم یار کچھ نہین بھاتی ہے چاندنی
ہوتا ہے بے ہمین جب وہ پری زاد سیمبر	اوس وقت اور ی لطف دکھاتی ہے چاندنی
بن یار کچھ نہین شب مہتاب کی بہار	ہجران مین ہاے مجھکو رلاتی ہے چاندنی
اندھیر ہے کوئی نہین کہتا ہے اوس سے جا	جلد آ کہ تیری یاد دلاتی ہے چاندنی
کیونکر نہ دل سے نالۂ شبگیر ہو بلند	کوٹھی پہ میرے جب لہراتی ہے چاندنی
خط کا غبار آ کے لگا منہ پہ یار کے	افسوس چار دن کی یہ جاتی ہے چاندنی
منہ ڈھانپ کر [illegible]	[illegible] کو یار کی دستاتی ہے چاندنی
کسطرح چاندنی کو کہون [illegible]	مجھکو تو اوسکی قبر مین بلاتی ہے چاندنی

رو پہ اوسکی گور پہ [illegible] ہے شراب یاد
کیا چوٹ میرے دل پہ لگاتی ہے چاندنی

٢٤٨

رسوا ہوں کیون زلف گرہگیر کے لیے	مجنون بنا ہون خاص یہ زنجیر کے لیے
لو مجسے تیرا ہی تری قربان یہ مرغ دل	ہٹتا ہے اپنے صید سے کوئی تیر کے لیے
کہیے جب اوسکو ابرو و مژگان ڈھال کے	ق تیر و کمان یہ خوب ہین نخچیر کے لیے
کہتا ہے میں نکو واہ یہ تیر و کمان ہین	رکھتا ہون اپنے عاشق دلگیر کے لیے

ردیف یای تحتانیہ

[illegible]

[illegible]

مین اوسکو دیکھتے ہی یار وہو گیا بیخود		سنبھل رہے وہی جسکو خدا سنبھال رکھے
نگاہ پاک پہ میری لحاظ گر ہے تو کہہ		خدا ہمیشہ یہ تیری نظر بحال رکھے
جو ایکبار کسی سے ملا او پھر نہ ملے		عبث پھر اوس سے کوئی خواہش وصال رکھے

۲۸۱ تراب کاہیکو در غیر پر امید رکھے
ملی وہ اہل دول سے جو کچھ کمال رکھے

جبتلک خط جاہ باقی ہے		نقش پا پر سیاہ باقی ہے
اوسکو تائب نہ کہیو کچھ بھی شیخ		دل میں ذوق گناہ باقی ہے
پھیر لی آنکھ یار نے سب سے		ہم سے وہ ہی نگاہ باقی ہے
ہو گئی سب طرف کو رستی بند		فقط اک دل سے راہ باقی ہے
خط کر آئی سب اوس سے ہو گئی بند		صرف یہ خیر خواہ باقی ہے
یار سے اور ہم سے آج تلک		دوستی کا نباہ باقی ہے
آتی ہیں دن بہار کے بلبل		صبر کر ایک ماہ باقی ہے
کچھ نپوچھو تراب کا احوال	ق	دل میں غم لب پہ آہ باقی ہے

۲۸۲ شیخ فانی ہوا ہے جون یعقوب
تو بھی یوسف کی چاہ باقی ہے

کیا پریشان وہ زلف مشکین ہے		دل مرا مشتر او غمگین ہے
جو کرے پیر ناتوان پر ستم		اوسکو کیا کہیے ناتوان بین ہے
شور ہے خوبی ذقن کا ترے		اس زنخدان کا چاہ شیرین ہے

[illegible]

جی کسی پر کوئی فدا نکرے
دل کسو سے کبھی لگا نکرے
مر چلا ہوں تو کچھ نہیں غم ہے
یار کو یار سے جدا نکرے
آشنا سب یہاں سے جو ہیں

جسطرف ہوا اودھر دولا دہی ہی سو ہے
پیچ کہو دیوا دسی پہچان کر چپکے رہے

پر خلافی جو کرے سلطان کی مار آپڑے
بر ہی کی باتیں جو کرے عرفان کی مار آپڑے

اسطرح جو کہے ہے ہست اودھر دہی ہست الی الدوام
اوسکو جو تشخیص کرے ایمان کی مار آپڑے

۲۸۴

جیسے ہم رند ہیں سیر خرابات ہوئے
بت پرستا اونکو بھلا کیون نکہو زاہد خشک
عشقبازی میں وہ کیا یار کبھی جیت رہے
گرچہ ہم جانتے اول سے تو روئے نہ کبھی
کون منھ ڈالی تری رخ پہ لپٹ جاتی ہے
شیخ جی ہم بھی کبھی سلسلۂ زلف میں ہا
بندگی خوب ہوئی ہیں سے خدا کی واللہ
وہی جوا مرد ہیں لوگ ہیں کیا بات اونکی
دیکھتے ہیں جو عیان سب کہیں انکی ذات فقط
کلمۃ الحق ہے کہ جز حق نہیں موجود کوئی

بیچ جا ہم کو مشتاق ملاقات ہوئے
بانٹتیں دین کا کافر کے جو درات ہوئے
شرط بد کر جو تری ہاتھ سے خود مات ہوئے
یار آئیگا یہاں آخر برسات ہوئے
زلف کے بال کبھی مار طلسمات ہوئے
قید کا فرہیں یا ہین خارق عادات ہوئے
تہی مردان خدا اہل کرامات ہوئے
اگر دنیا میں جو ہوں تارک لذات ہوئے
کیا صفت انکی کہوں ہیں وہ عجب ذات ہوئے
ہم تو اسبات سے کچھ اور ہی اثبات ہوئے

کل سے ہم بیٹھ رہے یار کی کوچے میں تراب
سو ر لطف و کرم اہل کیا عنایات ہوئے

۲۸۵

ازل سے دل کو دیکھ اکی کال لگ رہی آئی
مگر مشتاق کو نت دکھا رخ قتل کر بیٹھا

لہا انسے کھینچ مجنون کو یہ زنجیر لے آئی
قضا تیر لیکر کیا ڈھونڈ کر نخچیر لے آئی

ولہ

۲۸۷

جو کسیکا کبھی کہا نکرے | اوس سے کوئی ہرگز التجا نکرے
یار کی گالیون سے جو خوش ہو | حق مین اوسکے وہ کب دعا نکرے
بیوفائی مین اوسکو کیسے کہون | جو مری درد کی دوا نکرے
یاری اوس سے نہ کیجیو یارو | ہے وہ بیپیر دیکھیو دغا نکرے
ق
آئینہ توڑکے وہ کہتا ہے | سامنے میرے کوئی ہوا نکرے
مجھکو پروا نہین تجمل کی | مجھکو اللہ خود نما نکرے
عاشق بیقرار اوسکا ہائے | کسطرح عرض مدعا نکرے
گھر سے اپنے وہ اتنا تک نہ پھرا | ہجر مین کیون جگر جلا نکرے
ہم تو خوبون سے ہو گئے بیزار | کوئی خوبون سے آسرا نکرے
بوے گل سے کوئی نیاوے خبر | کچھ بھی ایما اگر صبا نکرے
دل مین جسکے تو بس گیا ہے تراب | نام تیرا وہ کیون لیا نکرے

۲۸۸

صنم کے دیکھنے کو ہاے دل کیا تلملاتا ہے | کہان تک اوسکو سمجھاؤن کہ پھر آیا آتا ہے
مجھے سمجھا دے کوئی وان اگر آتا نہین وہ یان | یہان وہ کر دہان ہین کیا نہین کچھ مجھکو بھاتا ہے
وہ مجھسے کہہ گیا تھا جلد پھر گھر سے پھر آونگا | تو کیون مایوس ہوتا ہے عبث آنسو بہاتا ہے
کہون کس سے کہا تھا جو قسم کر لے گیا تھا وہ | ادھر آ کوئی ایسا نہین اوسطرف جاتا ہے
مہینے دو کا وعدہ تھا نہ آیا ہو گئے ہے چند | کبھی کون اوس سے ایسی آ زیادہ کیون ستاتا ہے
کہو انصاف سے یارو مجھے کسطرح صبر آوے | خبر آنے کی جھوٹی بھی نہین کوئی سناتا ہے

دیکھکر مجھکو کل کہا اوسنے ق کون یہ ناتوان جبا تا ہے
بول اوٹھا اک مصاحب اوسکا تب یہ وہ ای مہربان جاتا ہے
تو کڑھائے کے واسطے جسکے غیر کی بات مان جاتا ہے
کیا تراب اوسکے آگے بولے اب
جی کا مطلب جو جان جاتا ہے

۲۹۱
ہین دیدۂ تر مین مرے دریا کی تماشے ای برہمن آ دیکھ یہ گنگا کی تماشے
کیون گھر سے نہ گھبرا کے کرون راہ بیابان دکھلاتی ہے وحشت مجھے صحرا کی تماشے
آنا اوسکی چھپک جای نہ پھر انکھ لگاو دیکھی جو تری عاشق رسوا کے تماشے
یار وہ مری گھر مین پھر آئی کہین اکدن دکھلاون مین اوسکو دل شیدا کی تماشے
عالم وہ کہان جو قد بالا کا ہے تیرے دیکھی ہین بہت عالم بالا کی تماشے
آدلکو ذرا اپنے مرے دل سے ملادے بندہ ہون دکھاون تجھے سولی کی تماشے
کہہ اوس سے تراب اپنے تماشے یہ نہ مجھکے
دیکھے نہین اوسنے ابھی فقرا کی تماشے

۲۹۲
سینے سے اگر یار نہ پیکان نکل جاے قربان ہون تیرے پہ کیون جان نکل جاے
مرتا ہون غم ہجر سے دکھلا دے ذرا منہ مشتاق ہون دیدار کی ارمان نکل جاے
آتا ہے تو آ وعدہ نکر راہ نہ دکھلا صبر آئے کسیطرح یہ خلجان نکل جاے
ہین خال و خط و زلف سبھی ظالم و کافر ہندو سے کہان بچ کے مسلمان نکل جاے
دیوانہ اوسے کر کے کہا لیلی نے دیکھا مجنون نہ کہین بے سر و سامان نکل جاے

ردیف یای تحتانیہ

مرے دل مین سوا اوسکے نہین کچھ — یہان نازل وہی وارد وہی ہے
کہان طالب کدہر ہتا ہے مطلوب — جہان موجود اور واجد وہی ہے

جو باز آئے صنم کی دوستی سے
تراب اسوقت مین زاہد وہی ہے

۲۹۵

کیا روئیے فراق مین کیا آہ کیجیے — یاد صنم مین اللہ ہی اللہ کیجیے
ڈرئی خدا سے مانگیے اللہ سے پناہ — عاشق کی آہ پر نہ بہت واہ کیجیے
جس زلف و رخ کی فکر مین گذرے ہے رات دن — ذکر اوسکا کیون نہ شام و سحرگاہ کیجیے
مجھ باولی کو تو نہ جھکا تو بہت کنوین — مشہور کچھ تو جگ مین تری چاہ کیجیے
کوئی پرہیز کرے نہ مسلمان کی ہرنی — گر راہ حق سے ہم اوسے آگاہ کیجیے
جو اک نظر مین شاہون کو چاہے کرے فقیر — اوسکا خطاب کیون نہ شہنشاہ کیجیے

راہ وصول حق تو نہین دور کچھ تراب
صاحبدلون کے دل سے اگر راہ کیجیے

۲۹۶

نہ دلکو کاکل دلگیر بھائی — دوانے کے تئین زنجیر بھائی
نہ کر مجھسے حجاب اے لیلی شوخ — کہ مجنون کا ہون تیرے پیر بھائی
مین دل کو چھوڑ بیٹھا تن بہ تقدیر — مری جی کو یہی تدبیر بھائی
وہ کب سنتا ہے ناصح تیری باتین — جسے معشوق کی تقریر بھائی
تو مت دکھلا مجھے شیرین کی تصویر — کہ مجھکو اور ہی تصویر بھائی
پر و بال اوسکے کب صیاد توڑے — اوسے تو وحشت نخچیر بھائی

ردیف یای تحتانیہ

۲۹۷

ولہ

۲۹۸

ولہ

ا ۱۱

٢٩٩

مرے کون اوس سیمبر کے لیے | جو گھر گھر پھرے سیم و زر کے لیے
خبر اوسنے میری کسیدن نہ لی | نہ بھیجا کسیکو خبر کے لیے
ادھر وہ کبھی پھر نہیں دیکھتا | ترستا ہی جو اک نظر کے لیے
مجھے عید ہو ماہ رمضان مین | اگر وہ ملا اک پہر کے لیے
کرم وہ کرے تو نہین کچھ بعید | کہ مشتاق ہون شب قدر کے لیے
سفر اوس سفر کو نہین کہتے ہین | جو ہو کسب علم و ہنر کے لیے
ہم ایسا نہو گا رفیق و شفیق | ہمین ساتھ رکھ لے سفر کے لیے
خوش آتی ہی کاکل تو مکھڑے کے گرد | یہ ہالہ ہے زیبا قمر کے لیے
تو اپنی قبا کی ذرا آستین | بڑھا دے مری چشم تر کے لیے
وہ بدھی کو سودائی کہتے ہین لوگ | پھرے ساتھ اپنے جو لڑکے کے لیے
خدا نے ازل سے دیا ہمکو عشق | امانت یہی تھی بشر کے لیے
کرو عشق صادق کہ ہی فائدہ | ادھر کے لیے یا ادھر کے لیے
ہوا عشق مین اب تو بدنام خوب
تراب اک برہمن پسر کے لیے

٣٠٠

جہد ہی ایسا مجھے اوس گلبدن کے واسطے | باغبان کو تاک ہو جیسے چمن کے واسطے
یار بن سب مجلس عیش و طرب بی نور ہے | چاہیے کوئی شمع تابان انجمن کے واسطے
کہہ رشانی سے نہ او تجھے پیچ و بل ہی خوب | کاکل پرچین و زلف پر شکن کے واسطے
تا زنخدان کر رسا ہے زلف جانان بالش پر | رسی چھوٹی چاہیے چاہ ذقن کے واسطے

ردیف یای تحتانیہ

[illegible]

چشمۂ حیوان ہی لب وسکا سکندر سے کہو | سبزۂ خط خضر ہی زلف سیہ ظلمات ہے
دل کی شطرنج عشق کی بازی تو جیتے ہی | جی ہمین ہار اگر کبھی تسپر وہ کہتا مات ہے
طفل بازیگر ہے میری بس مین کٹھ پتلی کی طرح | چھیڑ دون چاہون جسپر کر اوسکی ہیر بات ہے

عشق کا دعوی ہی مجھکو یار شاہد ہی تراب
گر وہی منکر ہو تو مدعا اثبات ہے

وہ دلبر سر پہ آ پہونچا خنجر لے | الٰہی اب مین جاؤن دل کدھر لے
مین اوسکے غم سے مرتا ہون کہو جا | خدا کیواسطے میری خبر لے
گیاہ خشک ہو جاتی ہی سر سبز | جہان جاتا ہون مین یہ چشم تر لے
اگر جنگل مین جاؤن آگ لگ جا | کہان بیٹھون مین یہ سوز جگر لے
حقیقت کا مزہ ... اک نیا وے | طبیعت سے نہ جب تک خوب مر لے
جسے چاہی وہ اک چھتون مین مار | بجھے ہی نا حق اب تیغ و تبر لے

تراب اوس بت کو ڈہونڈہ گر خدا کا
تو بندہ ہو مرا دامن پکڑ لے

مرے دل کا غم یار ہی کہو سکے | مین لاچار ہون مجھسے کیا ہو سکے
رولایا مجھے جسقدر عشق مین | کوئی اس قدر اور کب رو سکے
جسے صبح دھڑکا جدائی کا ہو | شب وصل مین وہ کہان سو سکے
کبھی ہمکو وہ منہ لگاتا نہین | کوئی یار سے بات کہہ تو سکے
تراب اوسکو دی عشق پیچے کا تخم | صنم دل مین اپنے اگر بو سکے

[illegible]

خفاش کو کوکب مہر کی طلعت نظر آوے — ناصح تجھے معشوق کی پہچان کہاں ہے

جبتک کہ مری بیت آوے گا وہ دلبر — صبر آئے مری دلکو یہ امکان کہاں ہے

احوال مرا دیکھکے کہتے ہیں اطبا — اس درد کی یان دارو و درمان کہاں ہے

مجنون کو تری چاہیے صحرای قیامت — اس وحشی کو یان وسعت میدان کہاں ہے

اوس طفل برہمن سے کبھی دل نہ ہٹیگا — کافر سے جو بھاگی تو مسلمان کہاں ہے

کسطرح تراب اوسکو مین بندہ کرون اپنا — یوسف کی خریداری کا سامان کہاں ہے

۳۰۵

تپ ہجران سے مرتا ہون مجھے ہے غمکی بیماری — وہ اک دم یار کہتا ہے تجھے ہے دم کی بیماری

الٰہی خیر ہجو درد مند ابتو ہوا وہ خود — دعا جسکی کرے تھی دفع اک عالم کی بیماری

ترا عاشق بچارا آزردہ دل کا ہے مارا — یہی ہے سخت پیری مین بنی آدم کی بیماری

تو اپنی آستین رکھدے مری آنکھون تک ہاں سلسلہ کی — رولاتی ہے مجھے اس دیدۂ پرنم کی بیماری

تراب آزار سے دل کے خبر کیا ہے طبیبون کو — کہی بن کیسے ہو تشخیص نا محرم کی بیماری

۳۰۶

ای شاہ تو نے مجھ سے کبھی لحاظ گدا نہ کی — مجھ بینوا کی طرف کبھی اعتنا نہ کی

معشوق تب ایاز ہوا بادشاہ کا — مولی کی بندگی مین جب اوسنے خطا نہ کی

وہ بیوفا تو مارکے مجھکو چلا گیا — افسوس عمر نے مری مجھ سے بھی وفا نہ کی

روتا رہا مین کچھ نہ کہا ہنسکے چل دیا — ایسی تو ہائے اوسنے کسی پر جفا نہ کی

ق

دیکھا جو درد مند کو اوسکے طبیب نے — تجویز رفع درد و علاج شفا نہ کی

ردیف یائے تحتانی

۳۱۲

نہ رکھہ تو ٹکڑی سی یہ اپنی نقاب جانے دی
اوٹھا لی منہ سی یہ برقع حجاب جانے دی

نہ کن کو وعدہ دیدار کر بروز شمار
مجھی بہشت مین جھٹ پٹ شتاب جانے دی

تو ساقی اپنی خط و چشم میگسار کو دیکھ
لحاظ نشہ بنگ و شراب جانے دی

نہ دی حریفون کو بھر بھر کی جام ہی خلاف
نہ دل جلا یہ طریق کباب جانے دی

وہ اپنی گھر سی پھر آویگا جلد ای مشتاق
تو دل سی ہجر کا اب اضطراب جانے دی

جو اوسکو خواب مین دیکھا تو کیا ملا تجھکو
خیال خواب نکر ذوق خواب جانے دی

وہ بیوفا کا نہ ہو مجھسے نام ای نادان
اوسی نہ خوبون سی کر انتخاب جانے دی

لگا تو شوق سی بحر محیط مین غوطہ
کہاں کی بیچ کہاں کا حباب جانے دی

بتون کو دعوی خدائی کا ہی معاذ اللہ
نہ التفات اودھر کر تراب جانے دی

۳۱۳

وہ غم مرا نہ کبھی دیکھہ بھال کر روئے
گلی مین غیر کی جو پائمال کر روئے

یہ کیا عقیدہ ہی یارو یہ کیا محبت ہی
کہ پیر سی دم رخصت نہ پیار کر روئے

شفیق اونکو سمجھہ کر وہ باغ باغ ہوا
جو بیٹھی سامنی اک ٹھٹھ سا لگا کر روئے

قدیم یار کا رونا نہ اوسکو آیا یاد
جب اوسکی ہجر سی اوباش حال کر روئے

یہی نہ ہجر کی کنجون مین کسطرح جھپنا
بہت فراق مین وان نندلال کر روئے

ہوا نہ دامن مژگان کبھی تر ذرا اپنا
تراب ہجر مین ایکی سنبھال کر روئے

۳۱۴

بازار گرم یار سی اغیار کی ہوئی
ارزان متھائی حسن کی بازار کی ہوئی

ردیف یای تحتانیہ

۳۱۵ ولہ

راہ چندپی کی کسطرح نہ سے کھلے	دل جو اک طرف کھٹکنے لگے

۲۱۶
دستگیری شراب اوسکی کر
غیر کے ہاتھ جیب کی کرنے لگے

گو رہو ملک سے تیرے گھر نہ لگے	خوبروئی میں کوئی لشتر نہ لگے
بارک اللہ کیا جمال ہے واہ	منہ چھپا لے کہیں نظر نہ لگے
عشق سو میرے اک جہان ہے عجب	آپ پتا کس طرح خبر نہ لگے
جسکو ہرگز نہیں خدا کا ڈر	ایسے کافر سے کسکو ڈر نہ لگے
اپنے زخم کا نہیں کچھ اور ہی کاٹ	دم کو اوسکے دم خنجر نہ لگے
ترچھی چتون سے بار بار نہ مار	دیکھ چشم اور زخم پر نہ لگے
عکس گرمی میں وہ گیا تھا اودھر	کیون ادھر آنسوؤں کی جھڑ نہ لگے
کیفیت دل کی کچھ بیان پڑے	دل کسی کا کسی پہ گر نہ لگے

۲۱۷
جسکو ہی ہو وہ چار چشم شراب
کب مری آنکھ پھر اودھر نہ لگے

اندنوں جھنڈ کا کہیں سے ہی طرف [illegible]	بلبل بستان سے کہدینا مبارکباد ہے
سادہ لوح اوس میں دالی کو ستاتا [illegible]	گرچہ بھولا ہے پر اپنے کام کا استاد ہے
بارے ہاتھ آشنا کو کسنے راہ اپنے گھر کی لی	شہر میں چاروطرف غل ہے یہی فریاد ہے
شل باد تند چلتی ہے سواری جسکی تیز	اوسکے رستے میں ہر دشت خاک برباد ہے
خوش ادائی کی صفت کس سے ادا ہو یار کی	ہر ادا میں شوخ میں اوسکی نئی ایجاد ہے

٣٢٠

عشق کی رہگذر میں اوسکے تراب
خوب تم چین سے گذر بیٹھے

خریدار اپنا جو پایا مجھے
تو دل لیکے مکھڑا دکھایا مجھے

کیا اوسنے مجھ پر ہزاروں ستم
بہت عشق میں آزمایا مجھے

رقیبوں کے بر میں رہا تو تو ن
میں روٹھا نہ کبہی منایا مجھے

گیا اوسکی مجلس میں جب مدعی
بٹھایا اوسی اور اوٹھایا مجھے

فغان سنکر میری وہ کہنے لگا
میں سوتا تھا کسنے جگایا مجھے

وہ گھر اپنے بیٹھا خوشی کر رہا
مزہ درد و غم کا چکھایا مجھے

ق

میں قاصد کا شنہ کیوں نہ میٹھا کروں
یہ مژدہ تو اوسنے سنایا مجھے

مری طرف رخ کرکے کہتا ہے یار
اودھر جلد لیجا خدایا مجھے

میں جاؤں گا مجھکو ترو کے کوئی
زبردست ذاکن بلایا مجھے

خدایا خبر سچ کرے آ کے جا بے
کہ دم ناک میں غم سے آیا مجھے

٣٢١

نہیں کم ہے ظلّ ہما سے تراب
وہ زلف پریشان کا سایا مجھے

بہت اوسنے ابکی ستایا مجھے
نہایت جلایا کڑھایا مجھے

نہ تھا میں قریبوں سے اوسکی خبر
گیا گھر وہ دے کر بھولایا مجھے

یہ کون اوس سے میری طرف سے کہے
غضب تو نے رستہ دکھایا مجھے

نہ پیغام پہونچا نہ کوئی خط لکھا
بھلا دل سے اپنے بھولایا مجھے

ردیف یائے تحتانیہ

[illegible]

لکھوں اوسکو مفصل حال میں کیا	جو پیرچی کو مرسے طومار جانے

جو لذت وصل میں ہی ہجر سے بعد
تراب تشنۂ دیدار جانے ۳۲۴

جو ابرو کو تیرے تلوار جانے	وہ قاتل اور کب ہتھیار جانے
وہ جان بخشے کو اپنے کیا جلاوے	جو عاشق کا فقط جی مار جانے
کہے ناصح نہ پھر ہمکو ملامت	محبت کے اگر اسرار جانے
جو غمخواری کرے یا وہ کسی کی	اوسے کیونکر نہ کوئی غمخوار جانے
نہیں کچھ عشق کے دریا کا پایان	کوئی کیا اوسکا وار و پار جانے
خدا کے واسطے اوسکا نہ لو نام	جو کعبہ کو در و دیوار جانے
نہیں اوس سے زیادہ کوئی نادان	جو بندہ کو تئین مختار جانے
نتیجہ ہے یہی مخدومیت کا	مجھے اپنا وہ خدمتگار جانے

تراب اوسکی کرم سے آسرا رکھ
وہ جانے آگے اوسکا پیار جانے ۳۲۵

گلی ہے اوسکی رقیبوں کا آج میلا ہے	یہاں فراق میں عاشق پڑا اکیلا ہے
نہ پوچھو ہجر میں کیا واردات ہے مجھپہ	ہجوم آہ ہے اور آنسوؤں کا ریلا ہے
دشمن ہے جو زخم عشق کس سے کھایا جا	کہ اوسکا زخم تو میٹھا نہیں کریلا ہے
وہ بازیگر نے تماشا مجھے دکھایا خوب	عجب یہ عشق کے پردے میں کھیل کھیلا ہے
تراب عشق میں اوس سیمتن کے ہو کے سنگ	گرو ہے کون ترا ہاں تو کسکا چیلا ہے

[illegible]

[illegible]

اوس سے کیا ہو راستی جسکے سراپا مین تمام
کج خرامی کج نگاہی کج ادائی چھا گئی

کیون نہ پھیلے جگ مین تاریکی شب دیجور کی
رخ پہ تیری زلف کی جلوہ نمائی چھا گئی

یار خود بین نے لیا ہے جب سے اوسکو ہاتھ مین
آرسی مین اوسکی کچھ خود نمائی چھا گئی

بندۂ فانی انا الحق کیا کہی گا آپ سے
جیسے خودی سے اپنی نکلا تب خدائی چھا گئی

۳۲۹
ہے خیال اوس ماہ کا از بسکہ خاطر مین بھرا
دل مین چارو طرف سے اک روشنائی چھا گئی

کیا ستم مجھپر کیا اوس مہ جبین سے پوچھیے
مجھپہ جو گذری ہے کسی ہم نشین سے پوچھیے

کیا کہون جو وقت رخصت آنسوؤنکا تار تھا
سینے دامن کہ اوسکی آستین سے پوچھیے

خاطر نازک پر اوسکی بار ہے عاشق سے کیا
جی مین ہے یکبار ہم اوس نازنین سے پوچھیے

گور پر کیا پر اوسکی لہراتی ہے کیا زلف سیاہ
سحر اس کالی کا مارا سا سمین سے پوچھیے

جو خدا کیواسطے کسبے پہ نہ پوچھو آپ کو
اوسکو ناحق ہم کسی سے اور کہین سے پوچھیے

خدایا میرا صاف کہہ دیگا رقیب مدعی
آدمی کا عیب ابلیس لعین سے پوچھیے

حق و گمراہی کہا سوسن کا دل کیا جانے
خوبی اس چھوٹے مکان کی اوس مکین سے پوچھیے

جو مزہ ملتا ہے تنہائی مین معشوق کے ساتھ
کیفیت اوسکی کسی خلوت گزین سے پوچھیے

۳۳۰
ہے یہین شستہ دیکھ اوسکا درد ہوتا ہے کہین
کیا شراب غمزدہ اندوہگین سے پوچھیے

وہ دوست اگر چاہے تو دشمن سے بچاوے
تقدیر اوسکی نگہبان ہے چھوٹون سے بچاوے

ایسا نہیں کوئی فتنۂ دور فلکی سے
اللہ تری گردش دامن سے بچاوے

ردیف یای تحتانیہ

وہ پردہ کی اوٹ ...
کوئی پھول ...

۳۳۱
دل ...

دیوان شاہ تراب

ردیف یائے تحتانیہ

کسکو لکھوں حال اپنا کس سے لکھوا اپنا کہوں
ترک اوس سے ابکی بالکل نامہ و پیغام ہے

وصل کی امید تو ٹی ٹل گئی وعدے سے بہت
وقت گرمی کا گیا سردی کا اب ہنگام ہے

یار کے کوچے میں کتنے ہمکو دیتے ہیں دعا
کتنے کہتے ہیں یہ عاشق الاّ و شناہ ہے

وہ رہے جگ میں سلامت عشق میں جسکا تراب
یہ ملامت خلق کی سہنا ہمارا کام ہے

۳۳۲

دل میں جو بیٹھ کے جہت خواہش ایمان کرے
ایسے کافر کو خدا جلد مسلمان کرے

پیرہن پھاڑ کے زاہد تو کرے رقص و سماع
جب دا سے وہ صنم جنبش داماں کرے

عشق میں ہم تو خدا سے یہی کرتے ہیں دعا
خویش کبھی دوست کو دشمن کو پشیمان کرے

واہ کیا خوب ہے محفل میں تمہی باغ و بہار
یہ حکایت جو سنے نقل گلستان کرے

زلف سے اوسکی جو شاعر ہوں پریشان خاطر
جمع کسطرح وہ اشعار سے دیوان کرے

دل میں ہے غم کا نزول آہ نہ کیونکر سوئے فلک
تنگدل زیادہ کہاں خاطر مہمان کرے

آبرو تب ہو مری آب رواں آنسو کی
وہ بت شوخ یہ گنگا میں جب اشنان کرے

دلکو سینے میں پکڑ کر رکھا اوسکے لیے
ورنہ یہ وحشی ابھی سیر بیابان کرے

ڈالکی مجھ پہ مشکل وہ گیا اپنے گھر
وہی پھر آکے تو مشکل مری آسان کرے

وہ تو آتا نہیں یاں میں نہیں واں جاسکتا
کسطرح کوئی ملاقات کا سامان کرے

عشق میں اپنی حقیقت تو کھلی مجھ پہ تراب
کہیں اوسکو بھی خدا صاحب عرفان کرے

۳۳۳

کون لفظو سنو اور مجھ دل کو پریشان کرے
کون منہ دیکھ ترا آپ کو حیران کرے

گرچہ خود ہی تراب سیف زبان
٣٣٥ بات کہتا ہے اوسنے ڈر ڈر کے

جانان نہین کرتا ہی سفر اپنی وطن سے
اب سینہ پہ داغ دکھائے کسی بلبل
کیا لگ گئی ہی ٹکٹکی حیران ہی نرگس
ہر گز نہ کمان سی ہو خطر صید کو ایسا
کوئی لاکھ بناوٹ کرے ہرگز نہ ادا ہو
بلبل نی کہا گل اوسی گل سی ہی وہ چیتکا

عاشق کی یہان جان نکلتی ہی بدن سے
لالہ تو گیا لوٹ ہزاری کو چمن سے
اوسکی بھی کہین آنکھ لگی ہی سجن سے
ڈرتا ہون مین جیسا تری ماتھی کی شکن سے
ہوتی ہی ادا اوسکی جو بی ساختہ پن سے
بولے نہ کوئی آج مری غنچہ دہن سے

کسطرح تراب اوسکے ملون چھوڑ دو کیونکر
٣٣٦ نزدیک ہی وہ جان سی اور دور ہی تن سے

بچتا نہ کسیطرح یہ دل چاہ ذقن سے
زلفون سی نہ ڈھانپ لو رخسار کو اپنے
مرجان کہان اور کہان جان کا ٹکرا
کہتا ہی وہ صراف سمجھ دلکو مرے دیکھ
آنکھون ہی لیلی کی رم آہو وحشی
ست گوریہ رکھہ ہاتھ کسیکی دم تلقین

گر یار نہ کستا اوسی زلفون کی رسن سے
آتی ہی بلا جان مین بہت سر کہن سے
اوس لعل کو نسبت نہین یاقوت یمن سے
ناخوش ہی مین اہی قلب کے کھوٹے چلن سے
کیون دل نہ لگی قیس کا صحرای ختن سے
مردہ وہ کہین ہاتھ لگائی نہ کفن سے

سفتون ہوا جسپہ تراب ایسا سلمان
اللہ بچاوی وہ بت شوخ کی فن سے

ردیف یائے تحتانی

لوح دل سے رقم عشق مٹا دیگا ہی
ہاتھ سے جسکے یہ سب نقش و نگار آیا ہے

۳۳۸

وہ بت شوخ مری چال کو کیا جانی ہے
عشق میں ہم تو کچھ اپنا بھلا دیکھہ لیا
دلربا پھر مری یار و نہ کوئی حرف کرے
آپ ہی لڑکا ہی خبر کیا ہی اوسے کچھ نکہو
ہمکو کتنا ہی برا جان سکے عاشق اپنا
دوستو بہر خدا حق میں کرو اوسکے دعا
کس طرح آنکھہ ملائے دل اسکا میں تجھسے
ہمکو کیا سمجھیگا وہ ہم تو بیچارے ہیں فقیر

ق

غم سے جو مجھپہ گذرتا ہی خدا جانی ہے
کیا ہوا ہمکو کوئی جاسے میں برا جانی ہے
بیوفا ہی وہ نہیں رسم وفا جانی ہے
وہ پری چہرہ فقط ناز و ادا جانی ہے
بیخبر ہمسے نہیں کچھہ تو بھلا جانی ہے
درد کی اپنی نہیں کچھہ جو دوا جانی ہے
وہ تو بیچون کو تری تیر قضا جانی ہے
شاہ خوبان ہی وہ کیا قدر گدا جانی ہے

کیون جدائی سے تراب اوسکی تو مضطر ہے بہت
وہ تو ہے تجھسے ملا جسکو خدا جانی ہے

۳۳۹

آیا ہی تری در پہ کوئی دور سے چل کے
دیدار کا شوق اپنی جو اظہار کیا میں
ارنی تو یہاں کہکی بہت مر گئے عشاق
کل اوسنے مجھے دیکھکی جب آنکھہ چرائی
ہر پیچ و گرہ میں ہی عجب طرح کا پھندا
سمجھائی اوسے کون جو آپی نہ جتاوے

ق

مشتاق ہی ملنے کے ذرا گھر سے نکل کے
وہ شوخ ہی بیزار لگا کہنے یہ جل کے
اس بادیہ میں پاؤن قدم رکھیو سنبھل کے
آنکھیں مری بھر آئیں ادر آنسو مرے ڈھل کے
بل جاتا ہی اوس زلف گرہ دار کے بل کے
آتا ہی جو ہر وقت نیا روپ بدل کے

گردش میں ہر گھڑی چرخ پہ دورہ ہی اولٹ جاے | دورہ جو مری یار کا داماں نکالے
گھائل تو ہی عاشق لب معشوق پہ قرباں | بیدم ہو اگر تیر کا پیکان نکالے
لیلی کی مژہ چبھ گئی مجنون کے جگر میں | کیا پانوں سے وہ خار بیابان نکالے
جو دیدہ و دانستہ کرے سب سے تجاہل | کیا اوس سے کوئی جان کر پہچان نکالے

کافر کو کرے رام محبت میں ہو بدنام
کوئی جگ میں تراب ایسا مسلمان نکالے

۳۴۳

ولہ

خدا بچاوے وہ کافر فرنگی کی چتون سے | لگے نہ آنکھہ کسی شیخ کی برہمن سے
سر پیچ وہ کسی زاہد کو رشتۂ زنار | نکالو دانۂ سلیمانی اوسکی سمرن سے
پہ دست نہ جھٹکا اوسکو خاک سودا میں | غبار دل میں نرکھہ یار پاک دامن سے
وہ گھر میں بیٹھ رہا کیوں نہیں نکلتا ہے | نکل سکا نہیں کبھیں عاشقوں کی جی تن سے
گمان کی ہے کہ یہاں کہا ابستہ کیسی بہار | یہاں تو آگ لگی ہے اساڑھ ساون سے
جو دیر ... کیا نہیں سمجھتا کچھہ | ہمیں تو کام پڑا اوس جوان پُرفن سے
کسیکو دیکھہ پڑی کیا وہ شوخ پردہ نشین | جو چھپ کے اوسکی طرف دیکھتا ہے چلون سے
لگا ہے دل پہ مری گھاو جسکے نشتر کا | دیئے ہیں ٹانکے اوسی نے مژہ کی سوزن سے
چٹکنے جسکی کیا یار چاندنی میں کھیت | میں خوشہ چیں ہوں اوسی ماہرو کی خرمن سے
... میں دیکھہ پڑے جسکو چار دن کی بہار | وہ کیا سمجھ کے دل اپنا لگاوے گلشن سے

جو کام اوس سے کیا دوستی کے پردے میں
تراب کبھی نہوتا وہ کام دشمن سے

ردیف یای تحتانیہ

اوسکا وطن پوچھ جپکی عمر تمام
عشق سے کاروبار مین گذری
بلبل ہمو قفس مین رکہ گذران
جنت باغ و بہار مین گذری
ساری ملک عدم مین اوس بیچارے کی
جیسی یہ پھر کے کار و بار مین گذری ہی تم
چلچھ مین بھی ہوگی ایسی بلیش
جیسی یوس و کنار مین گذری
اوسکی بہار بلا فراق ہم

معتبر زندگی وہی جو تراب
یاد پروردگار مین گذری

۳۴۸ ولہ

جان جاتی ہے یاد جن کی
مجھسے قسم قرآن کی
جان ہی میرا دی سو گذر ہی جان کی
ہو بھی دم مین مجھ اوری انقلاب
دیکھتا یار دیکھ گردش یہ زمان کی

ردیف یای تحتانیہ

وہ قاتل ہے بڑا خونریز اوسکا ہاتھ پکڑ کوئی	خدا سے کشتۂ خون پر جو اوسنے تیغ کو باندھا ہے
نہین ہو بندہ سے دسنی کی قدرت اوسکی چوٹی کو	ٹہر افسون سے دستا ملہ زلفی یار باندھا ہے
خفا ہو آنکھ دکھلا کر لگا کہنے وہ متوالا	مری آنکھون کو تو نی نرگس بیمار باندھا ہے
ادھر سے اوس کمان ابرو کا تاحق تیر گیا ہے رخ	رگ جان دہن سے تیر کا سوفار باندھا ہے
نہین لگتی ہے جی مین چوٹ اوسکی آہ کیا کیجے	وہ ظالم سنگدل پہ کیسے پیار و ار باندھا ہے
مین اک تعویذ الحب لکھ کے دریا مین بہا یا تھا	رقیبون نے مجھ سے تا حلیل کیا طومار باندھا ہے
اوسی غمخوار ست کہتا وہ اک خونخوار ہے یارو	کسی نے بھی کہین معشوق کو غمخوار باندھا ہے

تری تسبیح کے دو رشتہ ہے نہ توڑ او سکو
تراب اوس برہمن والی کہ زنار باندھا ہے ۳۴۶

دل تجھے کیسی بیقراری ہے	کسکے آنے کی انتظاری ہے
کبھی اوسنی تجھے نہ یاد کیا	تجھکو یون جسکی یادگاری ہے
غیر کے گھر وہ آ کے بیٹھ رہا	یہ بھی کوئی راہ و رسم یاری ہے
سنتے ہی قاصد کے اسکی خوشخبری	وصل کی پھر امیدواری ہے
وہ تو کرتا ہے وان دنون کا حساب	ہجر مین یان نفس شماری ہے
کہہ دو اوس سے نہ بیٹھے جبیٹھ کی راہ	ماہ بیسا کھ سب پہ بھاری ہے

نہوتی ہو گی یون کسیکی تراب
غم سے جو کیفیت ہماری ہے ۳۴۷

یار کو وان شکار مین گذری	یان ہے تجھے انتظار مین گذری

۳۴۹

صنم کی آشنائی میں نہ ہی حاصل رسوائی
نجا ہونگا کسیکو کچہ کوئی ہوسہن و کافر
جب اپنی گھر گیا جانان تڑپ کر رگیا مین یان
مرا دل غم کا مارا ہی کہ دلبر گہر سدہارا ہے
وہ عاشق کیس سدا کا ہی جو دشمن اک گدا کا ہی
خط اوسنی لکہا مجکو نہ کوئی قاصد ادہر بہیجا

ملا تعجیل عشق کا اچہا محبت کی نرالائی
کہ سب میں بیوفا آخر خصوصًا یار ہرجائی
مجھے یون چھوڑ کی گریان نہ اوسکی جی مین دردآئی
کسے یارو گوارا ہی یہ مجبوری تنہائی
اوسی کیا ڈر خدا کا ہی وہ اک کافر ترسائی
خدا اوسکو کہے جیتا مجھے بھی دی شکیبائی

شراب اوسنی قسم کی تھی کہ پھر آؤنگا میں جلدی
سبب کیا ہی جو اب تک بھی نہیں تشریف فرمائی

۳۵۰

رخ یہ خط سبز کی تحریر دیکھا چاہیے
مجھسے وہ کہتا ہی کیا دیکھیگا تو میرا جمال
اوس پری کی آنچ میں ٹھہرتا ہے سیماب دل
شمع جسکا نام لو منہ سی تو جل جاوے زبان
اوس کمان ابرو کی سینہ میں تو ہی تیر بھی لگا
جسکو طفلی میں نہ تھی کچھ درد اپنے پیر کی
وہ تو بن ٹھیا رہا ہی ڈالتا ہی الامان
پھر لگی منہ ناظر اور دہر سے دوئی مجھسے خفا

سورہ یوسف کی یہ تفسیر دیکھا چاہیے
گر یہی ہی یار کی تقریر دیکھا چاہیے
جل کے خاک اوسکی ہوئی اکسیر دیکھا چاہیے
اوس پری رخسار کی تصویر دیکھا چاہیے
کس پر اب لگتا ہی سینہ تیر دیکھا چاہیے
نوجوانی میں اوسی یا پیر دیکھا چاہیے
ہاتھ میں جسوقت شمشیر دیکھا چاہیے
سجنتا ہی اب مری تقصیر دیکھا چاہیے

وہ دل آزار اپنی عہد دلربائی میں شراب
کہتا ہی مجھسے یہی دلگیر دیکھا چاہیے

ردیف یای تحتانیہ

۳۵۲

ولہ

دل مجھی لاتا نہین تار گیا جی

و له

[illegible]

